سوال

(125)صدقہ فطر کی قیمت؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صدقہ فطر کی کیا قیمت ہے؟ (مریم ۔ م ۔ الریاض)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غالباً اس سے سائلہ کی مراد رمضان کا صدقہ فطر ہے اس میں واجب شہر یا علاقہ والوں کی عام خوراک کا ایک صاع ہے ۔ خواہ یہ چاول ہوں یا گندم، کھجور یا اور کوئی غلہ وغیرہ اور یہ صدقہ مسلمانوں کے ہر فرد خواہ وہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، چھوٹا ہو یا بڑا، کی طرف سے ادا کیا جائے گا ۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کی احادیث صحیحہ سے ثابت ہے ۔

یہ صدقہ عید کی نماز کی طرف روانگی سے پیشتر ادا کر دینا لازم ہے اور اگر عید سے ایک دو دن پہلے ہی ادا کر دیا جائے تو بھی کوئی حرج نہیں ۔ کیلو کے حساب سے اس کی مقدار تقریباً تین کلو بنتی ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ